02-12-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETINE 17.50 HRS

یہ آکاشوانی حیدرآباد ہے۔اب آپ عزیز احمد تسلیم سے اردو میں علاقائی خبریں سنیئے۔

سب سے پہلے سرخیاں۔

......تلنگانہ راج بھون کا نام لوک بھون میں تبدیل کرتے ہوئے دفتر گورنر کا سرکاری طور پر اعلان۔

......چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اب سے کچھ ہی دیر قبل ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم مستقر میں ڈاکٹر منموہن سنگھ ارتھ سائنس یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔

...... ریاستی وزیر سریدھر بابو نے فیوچر سٹی میں منعقد شدنی تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

......دیتوا طوفان کے اثر سے ریاست کے بعض مقامات پر موسلادھار بارش کی محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔

LOK BHAVAN

حیدرآباد میں واقع گورنر کی سرکاری رہائش گاہ راج بھون کا نام اب لوک بھون میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔اس سلسلے میں دفتر گورنر سے ایک سرکاری بیان جاری کیا گیا ہے۔اس بیان میں کہا گیا ہے کہ وکست بھارت کی سمت اعتماد اور آگے بڑھنے کے تناظر میں جمہوری اقدار کو مضبوط کرنے اور اس حوصلے کے عزم کے لئے گورنر کی سرکاری رہائش گاہ کا نام تبدیل کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ لوک بھون تلنگانہ کا نیا نام تمام سرکاری ریکارڈس وغیرہ میں فوری نافذ العمل ہوگا۔

REVANTH REDDY KOTTA GUDAM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اب سے کچھ ہی دیر قبل ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم مستقر میں ڈاکٹر منموہن سنگھ ارتھ سائنس یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔چیف منسٹر کے ساتھ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا۔ریاستی وزراء تملا ناگیشور راو۔پونگولیٹی سرینواس ریڈی۔واکاٹی شری ہری۔کے علاوہ ارکان اسمبلی موجود تھے۔عہدیداروں کے مطابق یہ ملک کی پہلی ارتھ سائنس یونیورسٹی ہے۔بعدازاں منعقدہ جلسے عام سے چیف منسٹر نے خطاب کیا۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے فیوچر سٹی میں منعقد شدنی تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔حکومت کے چیف سکریٹری اور دیگر محکموں کے اعلی عہدیداروں کے ساتھ انہوں نے جائزہ اجلاس طلب کیا۔ریاستی وزیر نے اجلاس کے مقام کے انتظامات کا شخصی طور پر جائزہ لیتے ہوئے عہدیداروں کو تجاویز اور مشورے دیئے۔سریدھر بابو نے کہا کہ اس مہینے کی پانچ تاریخ سے پہلے تمام کام مکمل کر لئے جائیں۔اور چھ تاریخ کو ڈرائی رن۔کا انعقاد عمل میں لایا جائے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس طرح

کے انتظامات کئے جائیں جس سے عالمی توجہ اس جانب مرکوز ہو اور تلنگانہ برانڈ کی عالمی سطح پر مزید شناخت ہو۔

PONAM PRABHAKAR

ریاستی وزیر پونم پربھا کر نے تلنگانہ سے نمائندگی کرنے والے مرکزی وزراء اور ارکان پارلیمنٹ سے ریاست سے متعلق زیر التواء موضوعات کی یکسوئی کے لئے تعاون کرنے کی خواہش کی ہے۔ انہوں نے آج ضلع سدی پیٹ کے حسن آباد میں میڈیا سے بات چیت کی۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ کی جانب سے ایوان میں اٹھائے گئے مسائل پر بی جے پی ارکان کا تعاون ہونا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ریزرویشن کے مسئلہ پر مرکز کی جانب سے عاجلانہ یکسوئی پر بھی توجہ مرکوز کی جائے۔

GOVERNOR

حیدرآباد کے مضافات میں واقع شہری بلدی اداروں کو ضم کرنے سے متعلق ریاستی کابینہ کے فیصلے کو گورنر جیشنو دیو ورما نے کل منظوری دے دی ہے۔ جملہ 27 مجالس مقامی اداروں کو گریٹر حیدرآباد میں ضم کرنے کو سبز جھنڈی دکھادی گئی۔ جی ایچ ایم سی کے مطابق آرڈیننس پر گورنر نے دستخط کر دیئے ہیں۔ عہدیداروں کے مطابق گورنر کی منظوری کے بعد انضمام کا عمل کب سے نافذ العمل ہوگا اس کا
اعلان ریاستی حکومت کی جانب سے عنقریب نوٹیفکیشن کے ذریعہ کیا جائے گا۔ انضمام کا عمل مکمل ہونے کے بعد حکومت کی جانب سے ڈیویژنس کی ازسرنو تشکیل عمل میں آئے گی۔

MEDCHAL MALAKAJGIRI

میڑچل ملکاجگیری کے رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر نے کہا ہے کہ گرین ٹربیونل کی ہدایت کے مطابق حیدرآباد کے مضافات میں واقع جواہر نگر ڈمپنگ یارڈ کو شہر سے دور منتقل کیا جائے۔ انہوں نے آج بی جے پی قائدین کے ساتھ اس علاقے کا معائنہ کیا۔ بعدازاں انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی جدوجہد کی وجہ سے تین مرتبہ گرین ٹربیونل کی جانب سے فیصلہ سنایا گیا۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ باوجود اس کے ریاستی حکومت کی جانب سے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے۔ رکن پارلیمنٹ نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مقامی افراد کو سانس کی تکالیف کا سامنا ہے اور آلودہ پانی کی وجہ سے وہ امراض کا شکار ہورہے ہیں۔ انہوں نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت کی جانب سے ردعمل ظاہر نہیں کیا گیا تو خاموشی اختیار نہیں کی جائے گی۔

DITVA

خلیج بنگال میں بنا ہوا۔ ہوا کے کم دباو کا علاقہ آج صبح شمال ٹاملناڈو۔ پڈوچیری۔ اور جنوبی ساحلی آندھرا۔ کے ساحل کے قریب مرکوز ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اس کے اثر سے ریاست کے بعض مقامات پر آج اور کل کہیں کہیں بارش ہوگی۔

REVANTH REDDY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے واضح کیا ہے کہ کانگریس پارٹی کے اعلی قائدین سونیا گاندھی اور راہول گاندھی کے خلاف مقدمات درج کر کے خوف زدہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے نیشنل ہیرالڈ کیس میں دونوں قائدین کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے پر تنقید کی۔ انہوں نے الزام

عائد کیا کہ ملک گیر سطح پر ووٹ چوری مہم کو روکنے کے لئے ایک مرتبہ پھر مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ یہ غیر قانونی مقدمات کی مذمت کرتے ہوئے وزیر اعظم کو مکتوب روانہ کیا جائے گا۔ دوسری جانب ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راو نے بھی اس اقدام پر اعتراض کیا۔\

PAVAN KALYAN

ریاستی وزراء کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی۔ پونم پربھاکر اور رکن پارلیمنٹ سی کرن کمار ریڈی نے آندھراپردیش کے ڈپٹی چیف منسٹر پون کلیان کی جانب سے حال ہی میں تلنگانہ کے خلاف کئے گئے ریمارکس پر تنقید کی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آندھراپردیش کے نائب وزیر اعلی تلنگانہ کے عوام سے معذرت خواہی کریں۔ انہوں نے کہا کہ پون کلیان کی جانب سے تلنگانہ کے سماج کو کمتر ظاہر کرتے ہوئے بیان بازی کرنا درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ریاستوں کی عوام کے درمیان بھائی چارہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے پون کلیان سے اپنے ریمارکس واپس لینے کا مطالبہ کیا۔

JUPALLY

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی جانب سے بعض ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھنے کے لئے جمعرات کے دن عادل آباد کے دورے کا پیش نظر ضلع کے انچارج وزیر جوپلی کرشنا راو نے آج انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عہدیداروں کے ساتھ اندرا پریہ درشنی اسٹیڈیم کا معائنہ کیا۔۔ ریاستی وزیر نے چیف منسٹر کی جانب سے سنگ بنیاد رکھے جانے والے مقامات۔ ہیلی پیاڈ۔ پارکنگ اور یہاں آنے والوں کی سہولیات کے لئے کئے گئے انتظامات پر عہدیداروں کو بعض مشورے دیئے۔

TOUR

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی جانب سے اس مہینے کی 6 تاریخ کو ضلع نلگنڈہ۔ دیورکنڈہ۔ کے دورے کے پیش نظر ضلع کلکٹر ایلا ترپاٹھی اور سپرنٹنڈنٹ پولیس شرت چندراپوار نے انتظامات کا جائزہ لیا۔ بعدازاں انہوں نے دیوکنڈہ آر ڈی او آفس میں جائزہ اجلاس منعقد کرتے ہوئے عہدیداروں کو مشورے دیئے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ العمل ہے۔ لہذا اس کے تحت کام کیا جائے اور کہیں بھی انتخابی ضابطہ اخلاق کی  خلاف ورزی نہ ہونے پائے۔

TPCC

حیدرآباد کے گاندھی بھون میں تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کا توسیعی اجلاس آج منعقد ہوا۔ کل ہند کانگریس کمیٹی کے ریاستی امور کے انچارج میناکشی نٹراجن۔ تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ۔ کے علاوہ دیگر اہم قائدین اس اجلاس میں شریک رہے۔ اس موقع پر میناکشی نٹراجن نے نئی ڈی سی سی صدور کا استقبال کیا۔ بعدازاں انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ حتی کہ چیف منسٹر اور پی سی سی صدر کے اضلاع کے معاملے میں بھی مداخلت کے بغیر صرف پیانل کے ذریعہ غیر جانبدارانہ طریقے سے ڈی سی سی کا انتخاب عمل میں آیا ہے۔ پی سی سی کے سربراہ مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ ریونت ریڈی کی قیادت میں ذات پات پر مبنی سروے کروائے جانے کے تناظر میں وزیر اعظم

نریندر مودی نے مردم شماری میں ذات پات کے سروے کو شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔

ELECTION

پہلے مرحلے کے انتخابات کے انعقاد سے متعلق 4236 پنچایتوں اور 5 سرپنچوں کے عہدوں کیلئے ابھی تک نامزدگیاں داخل نہیں کی گئیں۔ اسی طرح وارڈ سے متعلق 133 مقامات پر نامزدگیاں داخل نہیں ہوئیں۔ بقایہ 37 ہزار 179 وارڈس میں انتخابات ہوں گے۔ اس کے لئے 85 ہزار 428 نامزدگیاں اہل قرار دی گئیں۔ اس سلسلے میں پرچہ نامزدگیوں پر غور و خوص کا عمل مکمل ہونے کے بعد ریاستی الیکشن کمیشن نے یہ تفصیلات بتائیں۔

CIRCULAR

ورنگل میں واقع کاکتیہ یونیورسٹی میں امن وضبط کی برقراری اور تعلیمی ماحول کی برقراری کے لئے درکار قواعد سے متعلق راجسٹرا۔ اچاریہ رامچند رام نے سرکیولر جاری کیا ہے۔ یہ رہنمایانہ خطوط فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔ کہا گیا ہے کہ ہاسٹل میں جن طلبا کے نام درج نہیں ہیں اندرون ایک ہفتہ وہ تخلیہ کردیں۔ اسی طرح کیمپس کے احاطے میں سالگرہ تقاریب اور دیگر شخصی پروگرام پر مکمل امتناع عائد رہے گا۔

SCHOOL

محکمہ تعلیمات نے سرکاری اسکولس میں اطلاع دیئے بغیر اور سرکاری طور پر تعطیلات کی درخواست کے بغیر ڈیوٹی سے ایک مہینہ غیر حاضر ہونے والوں کو ملازمت سے برخواست کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ تعلیمات کے ڈائریکٹر نوین نیکولاس نے کل چہرہ شناس حاضری، دوپہر کے کھانے پر عمل آوری کے علاوہ دیگر موضوعات پر ڈی ای اوز کے ساتھ آن لائن جائزہ اجلاس طلب کیا۔ ایف آر ایس پر عمل آوری کے بعد اساتذہ کی حاضری کی شرح اور غیر حاضری کے علاوہ دیگر موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

FLYOVER

نیشنل ہائی وے اتھاریٹی آف انڈیا نے حیدرآباد یادودری نیشنل ہائی وے 163 کے تحت بی بی نگر ایمس کے پاس چھ راہداریوں پر مشتمل فلائی اوور کی تعمیر کا فیصلہ کیا ہے۔ اس راہداری کی تعمیر کے لئے 75 کروڑ روپئے سے زائد کا تخمینہ لگاتے ہوئے بولی طلب کی گئی ہے۔ اس مہینے کی 27 تاریخ تک تکنیکی اور مالیاتی شعبوں میں تعمیراتی کمپنیوں کو بولی جمع کروانی ہوگی۔ اور 29 تاریخ کو بولیاں لگائی جائیں گی۔ کام حاصل کرنے والے ادارے کو 18 ماہ میں فلائی اوور مکمل کرنا ہوگا۔

DGP

ڈائریکر جنرل پولیس شیودھر ریڈی نے ریاست میں امن وامان کی برقراری کے لئے ٹکنالوجی میں اضافے کے مقصد سے ریاستی محکمہ پولیس میں خصوصی ٹکنالوجی کو فروغ دینے والے شعبہ کے قیام کی ہدایت دی۔ انہوں نے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ دوہزار سینتالیس کے حصے کے طور پر محکمہ پولیس کی مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق کل اعلی سطحی جائزہ اجلاس طلب کیا۔ اس ویڈیو کانفرنس میں اضلاع کے ایس پیز ۔کمشنرس اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں ڈی جی پی نے کہا کہ پولیسنگ میں تکنیکی خدمات سے متعلق

انو وٹیوا نیکو بیٹر کے لئے ٹی ہب میں ہیکا تھان منعقد کیا جائے۔گلوبل سمٹ میں ریاستی پولیس کی طاقتور صلاحتیوں کے مظاہرے کے لئے منفرد پروگرام منعقد کئے جائیں۔